روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 9 فروری 2009ء 13 صفر 1430 ہجری 9 تبلیغ 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 31

عہدے کی خواہش

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرۃؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

اے عبدالرحمٰن عہدہ اور حکومت کی درخواست مت کر کیونکہ اگر درخواست سے تجھے عہدہ ملا تو اس کا بوجھ تجھ پر ہوگا اور اگر بغیر سوال کے ملے تو خدا تعالیٰ کی نصرت شامل حال ہوگی۔

(صحیح مسلم کتاب الامارۃ باب النھی عن طلب الامارۃ حدیث نمبر:3401)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دنیا میں دو قسم کے دکھ ہوتے ہیں۔ بعض دکھ اس قسم کے ہوتے ہیں کہ ان میں تسلی دی جاتی ہے اور صبر کی توفیق ملتی ہے فرشتے سکینت کے ساتھ اترتے ہیں۔ اس قسم کے دکھ نبیوں اور راست بازوں کو بھی ملتے ہیں اور وہ خدا تعالیٰ کی طرف سے بطور ابتلاء آتے ہیں (۔) ان دکھوں کا انجام راحت ہوتا ہے اور درمیان میں بھی تکلیف نہیں ہوتی کیونکہ خدا کی طرف سے صبر اور سکینت ان کو دی جاتی ہے مگر دوسری قسم دکھ کی وہ ہے جس میں یہی نہیں کہ دکھ ہوتا ہے بلکہ اس میں صبر و ثبات کھو دیا جاتا ہے۔ اس میں نہ انسان مرتا ہے نہ جیتا ہے اور سخت مصیبت اور بلا میں ہوتا ہے۔ یہ شامت اعمال کا نتیجہ ہوتا ہے (۔) اور اس قسم کے دکھوں سے بچنے کا یہی طریق اور علاج ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے کیونکہ دنیا کی زندگی چند روزہ ہے اور اس زندگی میں شیطان اس کی تاک میں لگا رہتا ہے اور کوشش کرتا ہے کہ اس کو خدا سے دور پھینک دے اور نفس اس کو دھوکا دیتا رہتا ہے کہ ابھی بہت عرصہ تک زندہ رہنا ہے لیکن یہ بڑی بھاری غلطی ہے۔ اگر انسان اس دھوکے میں آکر خدا تعالیٰ سے دور جا پڑے اور نیکیوں سے دستکش ہو جاوے۔ موت ہر وقت قریب ہے اور یہی زندگی دارالعمل ہے۔ مرنے کے ساتھ ہی عمل کا دروازہ بند ہو جاتا ہے اور جس وقت یہ زندگی کے دم پورے ہوئے پھر کوئی قدرت اور توفیق کسی عمل کی نہیں ملتی خواہ تم کتنی ہی کوشش کرو مگر خدا تعالیٰ کو راضی کرنے کے واسطے کوئی عمل نہیں کر سکو گے اور ان گناہوں کی تلافی کا وقت جاتا رہے گا اور اس بدعملی کا نتیجہ آخر بھگتنا پڑے گا۔

خوش قسمت وہ شخص نہیں ہے جس کو دنیا کی دولت ملے اور وہ اس دولت کے ذریعہ ہزاروں آفتوں اور مصیبتوں کا مورد بن جائے بلکہ خوش قسمت وہ ہے جس کو ایمان کی دولت ملے اور وہ خدا کی ناراضگی اور غضب سے ڈرتا رہے اور ہمیشہ اپنے آپ کو نفس اور شیطان کے حملوں سے بچاتا رہے کیونکہ خدا تعالیٰ کی رضا کو وہ اس طرح پر حاصل کرے گا۔ مگر یاد رکھو کہ یہ بات یونہی حاصل نہیں ہو سکتی۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ تم نمازوں میں دعائیں کرو کہ خدا تعالیٰ تم سے راضی ہو جاوے اور وہ تمہیں توفیق اور قوت عطا فرمائے کہ تم گناہ آلود زندگی سے نجات پاؤ۔ کیونکہ گناہوں سے بچنا اس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کی توفیق شامل حال نہ ہو اور اس کا فضل عطا نہ ہو اور یہ توفیق اور فضل دعا سے ملتا ہے۔ اس واسطے نمازوں میں دعا کرتے رہو کہ اے اللہ ہم کو ان تمام کاموں سے جو گناہ کہلاتے ہیں اور جو تیری مرضی اور ہدایت کے خلاف ہیں بچا اور ہر قسم کے دکھ اور مصیبت اور بلا سے جو ان گناہوں کا نتیجہ ہے بچا اور سچے ایمان پر قائم رکھ (آمین) کیونکہ انسان جس چیز کی تلاش کرتا ہے وہ اس کو ملتی ہے اور جس سے لاپروائی کرتا ہے اس سے محروم رہتا ہے۔ جوئندہ یابندہ مثل مشہور ہے مگر جو گناہ کی فکر نہیں کرتے اور خدا تعالیٰ سے نہیں ڈرتے وہ پاک نہیں ہو سکتے۔ گناہوں سے وہی پاک ہوتے ہیں جن کو یہ فکر لگی رہتی ہے۔

(ملفوظات جلد سوم ص 607)

بیوت الحمد منصوبہ میں مالی قربانی کا موقع

قرآنی تعلیمات کی رو سے بے سہارا افراد، بیواؤں اور غرباء کی ضروریات پوری کرنا خدا تعالیٰ کا پیار حاصل کرنے کا بہترین زینہ ہے۔ بیوت الحمد منصوبہ کے تحت بیوگان اور مستحقین کو حسب ضرورت رہائش کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ ہر قسم کی سہولیات سے آراستہ بیوت الحمد کالونی میں 106 کوارٹرز تعمیر ہو چکے ہیں۔ اسی طرح پونے چھ صد احباب کو ان کے اپنے گھروں میں حسب ضرورت جزوی توسیع کیلئے لاکھوں روپے کی امداد دی جا چکی ہے اور امداد کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ احباب کرام کی خدمت میں درخواست ہے کہ ضرورت مندوں کا حلقہ وسیع ہونے کے باعث اس بابرکت تحریک میں زیادہ سے زیادہ مالی قربانی پیش فرمائیں۔ ایک مکان کے پورے اخراجات سے لے کر حسب استطاعت آپ جو بھی مالی قربانی پیش فرمائیں مقامی جماعت کے نظام کے تحت یا براہ راست مد بیوت الحمد خزانہ صدر انجمن احمدیہ میں ارسال فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(صدر بیوت الحمد منصوبہ)

ضرورت کمپیوٹر آپریٹرز

دفاتر تحریک جدید میں ایسے کمپیوٹر آپریٹرز کی ضرورت ہے جن کی تعلیم کم از کم ایف اے سیکنڈ ڈویژن ہو۔ جو کمپیوٹر پر کمپوزنگ کرنا جانتے ہوں۔ Inpage اور Ms.Office سے بخوبی واقفیت رکھتے ہوں۔ نیز Database کا کام بھی کر سکتے ہوں اور انٹرنیٹ کو چلانا جانتے ہوں۔ اردو کمپوزنگ کا کم سے کم دو سال کا تجربہ رکھتے ہوں۔ خواہشمند احباب اپنی درخواستیں تعلیمی اسناد قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی اور ایک عدد تصویر کے ہمراہ مورخہ 15 فروری 2009ء تک امیر/پریذیڈنٹ کی سفارش کے ساتھ وکالت دیوان تحریک جدید کو بھجوا دیں۔ امیدوار کی عمر 35 سال سے زائد نہیں ہونی چاہئے۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید)

نصاب علمی مقابلہ جات 2009ء

زیر اہتمام: مجلس انصاراللہ پاکستان

مجلس انصاراللہ پاکستان کی آٹھویں سالانہ علمی ریلی کا نصاب درج ذیل ہوگا۔

نصاب تلاوت قرآن کریم:

الف۔ معیار خاص: اس میں قاری حضرات اور حفاظ کرام حصہ لیں گے۔

نصاب: 1۔ سورۃ الفتح پارہ نمبر 26 رکوع نمبر 11
2۔ سورۃ المنافقون پارہ نمبر 28 رکوع نمبر 13

ب۔ معیار عام: اس معیار میں قاری اور حفاظ کرام شرکت نہیں کریں گے۔ دیگر انصار خوش الحانی سے قرآن کریم کی تلاوت کے مقابلہ میں حصہ لیں گے۔

نصاب: 1۔ سورۃ ق پارہ نمبر 26 پہلی 6 آیات
2۔ سورۃ المزمل پارہ نمبر 29 پہلی 9 آیات

حفظ قرآن:

قرآن کریم کا پارہ نمبر 28 نصف اول

نظم خوانی:

درثمین، کلام محمود اور کلام طاہر کی درج ذیل نظموں میں سے تین اشعار خوش الحانی سے پڑھنے ہوں گے۔

درثمین: نظم 1۔ عنوان ''نصرت الٰہی'' ع
خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے
نظم 2۔ عنوان ''اتمام حجت'' ع
نشاں کو دیکھ کر انکار کب تک پیش جائے گا

کلام محمود: نظم 1۔ ع
دشمن کو ظلم کی برچھی سے تم سینہ و دل برمانے دو
نظم 2۔ ع
ذکر خدا پہ زور دے ظلمت دل مٹائے جا

کلام طاہر: نظم 1۔ عنوان
''پھول تم پر فرشتے نچھاور کریں'' ع
آئے وہ دن کہ ہم جن کی چاہت میں
گنتے تھے دن اپنی تسکین جاں کے لئے
نظم 2۔ ''ہو تمہی کل کے قافلہ سالار'' ع
وقت کم ہے بہت ہے کام چلو،
ملگجی ہو رہی ہے شام چلو

مقابلہ بیت بازی:

مقابلہ بیت بازی بین الاضلاع ہوگا اور ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے سکے گی۔

نصاب: (1) درثمین۔ (2) کلام محمود۔ (3) کلام طاہر (4) درعدن

تقریر معیار خاص (اردو):

ہر علاقہ سے ایک مقرر حصہ لے سکے گا اور سیرت النبی ﷺ کے درج ذیل عناوین پر 8 سے 10 منٹ تقریر کرنا ہوگی۔ ناظم صاحب علاقہ دوران سال بین الاضلاع مقابلہ منعقد کروا کر ایک مقرر کا انتخاب کر کے مرکز کو اطلاع کریں گے۔

علاقہ کراچی: آنحضرتؐ بحیثیت داعی الی اللہ
علاقہ سکھر: آنحضرتؐ کا عفوو درگزر
علاقہ سرحد: آنحضرتؐ کا توکل علی اللہ
علاقہ میر پور خاص: آنحضرتؐ کا ایفائے عہد
علاقہ فیصل آباد: آنحضرتؐ کی مخلوق خدا سے محبت
علاقہ راولپنڈی: آنحضرتؐ کی محبت الٰہی
علاقہ لاہور: آنحضرتؐ کی عائلی زندگی
علاقہ ملتان: آنحضرتؐ کی عاجزی وانکساری
علاقہ گوجرانوالہ: آنحضرتؐ کی سادہ زندگی
علاقہ سرگودھا: آنحضرتؐ کا انداز تربیت
علاقہ ڈیرہ غازیخان: آنحضرتؐ کا دشمنوں سے حسن سلوک
علاقہ بہاولپور: آنحضرتؐ کا صبرو استقامت
علاقہ ربوہ: آنحضرتؐ کا عدل وانصاف

فی البدیہہ تقریری مقابلہ (اردو):

عنوان مقابلے کے وقت دیئے جائیں گے۔
تقریر کا وقت 2 تا 3 منٹ ہوگا۔

تحریری امتحان مطالعہ کتب:

درج ذیل کتب نصاب میں شامل ہوں گی۔

(1) انفاخ قدسیہ
(تقاریر حضرت مسیح موعود جلسہ سالانہ 1897ء)
(2) نورالقرآن نمبر 1
(از حضرت مسیح موعود) (روحانی خزائن جلد 9)
(3) نورالقرآن نمبر 2
(از حضرت مسیح موعود) (روحانی خزائن جلد 9)
(4) تقدیر الٰہی
(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 4)
(5) محبت الٰہی
(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 1)
(6) تحریک جدید کی اہمیت اور اس کے اغراض و مقاصد (از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 18)
(7) آنحضرتؐ کی زندگی کے تمام اہم واقعات
(از حضرت مصلح موعود، انوار العلوم جلد 19)

امتحان مطالعہ کتب برائے عہدیداران

انصاراللہ:

اس مقابلہ میں مرکزی عہدیداران، ناظمین علاقہ، ناظمین ضلع اور زعماء اعلیٰ مجالس شرکت کریں گے۔ ہر دو معیار کا نصاب ایک ہی ہوگا۔

مقابلہ دینی معلومات:

یہ مقابلہ بین الاضلاع ہوگا۔ ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے گی۔

نصاب:

(1) کتاب ''دینی معلومات کا بنیادی نصاب'' (ایڈیشن 2009ء)
(2) کتاب ''معلومات'' (ایڈیشن 2007ء) شائع کردہ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

مقابلہ دینی معلومات انفرادی:

اس مقابلہ میں ہر زعامت ہائے علیاء یا مجلس سے ایک رکن لے سکے گا۔ مقابلہ دینی معلومات بین الاضلاع وانفرادی کا نصاب ایک ہی ہوگا۔

نمائندگی:

مقابلہ تقریر اردو معیار خاص بین العلاقہ میں ہر علاقہ سے ایک مقرر حصہ لے سکے گا جس کا تعین ناظم صاحب علاقہ کریں گے۔ مقابلہ دینی معلومات، مقابلہ بیت بازی بین الاضلاع میں ہر ضلع سے دو ممبران پر مشتمل ٹیم حصہ لے سکے گی۔ ٹیم کا تعین ناظم صاحب ضلع کریں گے۔ انفرادی مقابلہ جات میں ہر زعامت ہائے علیاء یا مجلس سے ایک رکن حصہ لے سکے گا۔ مناسب ہوگا کہ علاقہ/ضلع/زعامت ہائے علیاء اپنے اپنے ہاں علمی مقابلہ جات منعقد کروا کے اول آنے والے اراکین کو بطور نمائندہ بھجوائیں۔

(قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

تبصرہ

رفقاء احمد کی قبولیت دعا کے واقعات

تالیف: عطاء الوحید باجوہ صاحب
ناشر: لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی
صفحات: 348

دعا کی اہمیت، افادیت اور ضرورت سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہے اور دعا کا مضمون ہمیں دنیا کی ہر چیز پر محیط نظر آتا ہے خاص طور پر انسانی زندگی پر مبسوط ہے۔ خدا تعالیٰ کے ہر فرستادہ نے اسی آسمانی حربے کے ذریعہ نہ صرف سلطنتیں مفتوح کیں بلکہ ذہنوں اور دلوں کو بھی تسخیر کیا۔ مردے زندہ ہوئے، قیدیوں نے رہائی پائی، ناممکن امور ممکن ہوئے، آگ کو ٹھنڈا کیا، عرب کے بیابانی صحرا کو روحانی گلزار بنا دیا اور پشتوں کے بگڑے الٰہی رنگ پکڑ گئے یہ سب امور دعا کی بدولت وقوع پذیر ہوئے۔ دعا وہ اکسیر ہے جو مشت خاک کو کیمیا کر دیتی ہے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود کے رفقاء اور آپ کے ساتھ روحانی فیوض و برکات سے وافر حصہ پانے والے احباب کو بھی اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کی قوت قدسیہ کی بدولت قبولیت دعا کا روحانی ہتھیار عطا فرمایا تھا۔ تاریخ احمدیت اور سیرت کی کتب میں یہ واقعات بھرے پڑے ہیں۔ مختلف جگہوں پر پھیلے ہوئے ان واقعات کو مکرم عطاء الوحید باجوہ صاحب نے جمع کیا ہے اور ایک کتاب میں شائع کرنے کی توفیق پائی ہے۔ یہ لجنہ کراچی کی طرف سے خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے مبارک موقع پر دعاؤں بھرا تحفہ ہے۔ یہ واقعات ایسے بزرگان کے ہیں جن کے لئے خدا تعالیٰ اپنی تقدیریں بھی بدل دیتا ہے۔ ان بزرگان اور رفقاء احمد کی روحانی تاثیرات کو ہم آج بھی باحسن محسوس کر سکتے ہیں۔

دعاؤں سے ہی سلسلہ احمدیہ کی بنیادیں استوار ہوئیں اور انہی کے ذریعہ اس الٰہی سلسلہ کا عروج مقدر ہے۔ اس خوبصورت اور محنت ولگن سے تیار ہونے والی کتاب کو موضوعاتی ترتیب دی گئی ہے۔ جن موضوعات اور عنوانات کے تحت قبولیت دعا کے واقعات کو جمع کیا گیا ہے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔ ہدایت پانے کے واقعات، شفاء، غیر معمولی نصرت الٰہی، مصائب و مشکلات سے نجات، مقدمات سے بریت، ملازمت یا ترقی، الٰہی رعب اور وجاہت کا حصول، حفاظت الٰہی، نشان الٰہی کا ظہور، امتحان میں کامیابی، رشتہ کے امور، اولاد کا حصول، صبرو استقامت، خواہش پوری ہونے، آئندہ زمانے کی خبر، اطمینان کا حصول، درازی عمر، اور متفرقات۔ یہ موضوعات ایسے ہیں جن کے تحت مولف کتاب ہذا نے 314 اہم واقعات اکٹھے کئے ہیں۔ بیشمار واقعات ان کے علاوہ بھی ہوں گے لیکن اس کتاب کے مطالعہ سے یہ بات عیاں ہے کہ مولف نے عرق ریزی اور محنت سے مختلف جگہوں پر شائع ہونے والے ان واقعات کو ایک گلدستہ میں مزین کیا ہے اور اس کو طباعت کا رنگ دینے میں لجنہ اماء اللہ ضلع کراچی نے خوب کردار ادا کیا ہے جماعت احمدیہ کے قیام پر سو سال مکمل ہونے کی خوشی میں کتب کی اشاعت کا جو پروگرام شروع کیا ہے۔ یہ کتاب اس سلسلہ میں 89ویں کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ مولف اور اس کتاب کو شائع کرنے والی ٹیم کو احسن جزاء عطاء فرمائے۔ آمین

(ایف۔ شمس)

درخواست دعا

مکرم عبدالستار خان صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں۔

مکرم عبدالمنان خان مغنی صاحب بعارضہ قلب علیل ہیں۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ کے CCU میں چند یوم زیر علاج رہنے کے بعد گھر آ گئے ہیں۔ علاج جاری ہے۔ احباب جماعت سے ان کی صحت کاملہ وعاجلہ اور درازی عمر کیلئے درخواست دعا ہے۔

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

دعوت الی اللہ کے ذرائع اور ایم ٹی اے کا اجرا

مکرم محمود مجیب اصغر صاحب

حضرت مسیح موعود کو 1882ء میں ماموریت کا پہلا الہام ہوا 20 فروری 1886ء کو چلہ کشی کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو متعدد بشارتیں دیں منجملہ اور بشارتوں کے یہ بھی فرمایا

’’تیری دعوت کو دنیا کے کناروں تک پہنچادے گا‘‘ (تذکرہ ایڈیشن چہارم ص112)

1898ء کی بشارات جو الحکم میں شائع ہوئیں ان کا ترجمہ ہے

میرے رب نے میری طرف وحی بھیجی اور وعدہ فرمایا کہ وہ مجھے مدد دے گا یہاں تک کہ میرا کلام مشرق ومغرب میں پہنچ جائے گا اور راستی کے دریا موج میں آئیں گے یہاں تک کہ اس کی موجوں کے حباب لوگوں کو تعجب میں ڈالیں گے۔ (تذکرہ ص260)

ان پیشگوئیوں کا ذکر کرتے ہوئے ایڈیٹر الحکم نے 1898ء میں لکھا

حضرت اقدس امام الزمان کو اللہ کریم نے وعدہ دیا ہے کہ ’’میں تیری (۔) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا‘‘ میں (یعنی ایڈیٹر الحکم) دیکھتا ہوں کہ اس مقدس الہام کے پورا ہونے کی بہت سی صورتیں نکلتی آتی ہیں۔ (الحکم 20/اگست 1898ء ص14)

تخم ریزی اور کامل غلبہ

حضرت مسیح موعود نے 1903ء میں تذکرۃ الشہادتین تصنیف فرمائی اور اس میں فرمایا کہ میرا غلبہ تین سو سال میں پورا ہوگا اور فرمایا

’’وہ اپنی اسی جماعت کو تمام ملکوں میں پھیلا دے گا‘‘ نیز فرمایا میں تو ایک تخم ریزی کرنے آیا ہوں‘‘

1905ء میں آپ نے الوصیت تصنیف فرمائی اور اپنے قرب وفات کی خبر دی اور فرمایا کہ ’’وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد‘‘ اپنے بعد کی ترقی کے لئے آپ نے قدرت ثانیہ کی پیشگوئی فرمائی یعنی خلافت احمدیہ۔ گویا دعوت الی اللہ کا عالمگیر پھیلاؤ حضرت مسیح موعود کے جانشینوں کے زمانہ میں ہوگا جس کا سلسلہ قیامت تک بتایا گیا ہے۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’خدا کا کلام مجھے فرماتا ہے کہ کئی حوادث ظاہر ہوں گے اور کئی آفتیں زمین پر اتریں گی کچھ میری زندگی میں ظہور میں آجائیں گی اور کچھ میرے بعد ظہور میں آئیں گی اور وہ اس سلسلہ کو پوری ترقی دے گا کچھ میرے ہاتھ سے اور کچھ میرے بعد۔ یہ خدا تعالیٰ کی سنت ہے اور جب سے اس نے انسان کو زمین پر پیدا کیا ہمیشہ اس سنت کو وہ ظاہر کرتا رہا ہے کہ وہ اپنے نبیوں اور رسولوں کی مدد کرتا ہے اور ان کو غلبہ دیتا ہے جیسا کہ فرمایا کتب اللہ .... (المجادلہ :22) اور غلبہ سے مراد یہ ہے کہ جیسا کہ رسولوں اور نبیوں کا یہ منشاء ہوتا ہے کہ خدا کی حجت زمین پر پوری ہو جائے اور اس کا مقابلہ کوئی نہ کرسکے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ قوی نشانوں کے ساتھ ان کی سچائی ظاہر کر دیتا ہے اور جس راست بازی کو وہ دنیا میں پھیلانا چاہتے ہیں اس کی تخم ریزی انہیں کے ہاتھ سے کر دیتا ہے لیکن اس کی پوری تکمیل ان کے ہاتھ سے نہیں کرتا بلکہ ایسے وقت میں ان کو وفات دے کر جو بظاہر ایک ناکامی کا خوف اپنے ساتھ رکھتا ہے مخالفوں کو ہنسی اور ٹھٹھے اور طعن وتشنیع کا موقع دے دیتا ہے اور جب وہ ہنسی ٹھٹھا کر چکتے ہیں تو پھر ایک دوسرا ہاتھ اپنی قدرت کا دکھاتا ہے اور ایسے اسباب پیدا کر دیتا ہے جن کے ذریعہ سے وہ مقاصد جو کسی قدر نا تمام رہ گئے تھے اپنے کمال کو پہنچتے ہیں‘‘۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 303،304)

پھر فرمایا

یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کر دے گا تم خدا کے ہاتھ کا ایک بیج ہو جو زمین میں بویا گیا خدا فرماتا ہے کہ یہ بیج بڑھے گا اور پھولے گا اور ہر ایک طرف سے اس کی شاخیں نکلیں گی اور ایک بڑا درخت ہو جائے گا پس مبارک وہ جو خدا کی بات پر ایمان رکھے اور درمیان میں آنے والے ابتلاؤں سے نہ ڈرے کیونکہ ابتلاؤں کا آنا بھی ضروری ہے تا خدا تمہاری آزمائش کرے کہ کون اپنے دعویٰ بیعت میں صادق اور کون کاذب ہے‘‘۔

(الوصیت۔ روحانی خزائن جلد 20 ص309)

1906ء میں حضرت مسیح موعود نے تجلیات الٰہیہ تصنیف فرمائی اور اس میں پھر یہ عظیم الشان پیشگوئی فرمائی ’’خدا تعالیٰ نے مجھے بار بار خبر دی ہے کہ وہ مجھے بہت عظمت دے گا اور میری محبت دلوں میں بٹھائے گا اور میرے سلسلہ کو تمام دنیا میں پھیلائے گا اور سب فرقوں پر میرے فرقہ کو غالب کرے گا اور میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے کہ اپنی سچائی کے نور اور اپنے دلائل اور نشانوں کے رو سے سب کا منہ بند کر دیں گے اور ہر ایک قوم اس چشمہ سے پانی پیئے گی اور یہ سلسلہ زور سے بڑھے گا اور پھولے گا یہاں تک کہ زمین پر محیط ہو جاوے گا۔ بہت سی روکیں پیدا ہوں گی اور ابتلاء آئیں گے مگر خدا سب کو درمیان سے اٹھا دے گا اور اپنے وعدہ کو پورا کرے گا اور خدا نے مجھے مخاطب کر کے فرمایا کہ میں تجھے برکت پر برکت دوں گا یہاں تک کہ بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے۔ (حاشیہ: عالم کشف میں مجھے وہ بادشاہ دکھلائے گئے جو گھوڑوں پر سوار تھے اور کہا گیا کہ یہ ہیں جو اپنی گردنوں پر تیری اطاعت کا جُوا اٹھائیں گے اور خدا انہیں برکت دے گا) سو اے سننے والو! ان باتوں کو یاد رکھو اور ان پیش خبریوں کو اپنے صندوقوں میں محفوظ رکھ لو کہ یہ خدا کا کلام ہے جو ایک دن پورا ہوگا‘‘۔

(تجلیات الٰہیہ۔ روحانی خزائن جلد 20 ص409)

قدرت ثانیہ کا ظہور

حضرت مسیح موعود کی وصیت کے مطابق آپ کے وصال کے بعد جماعت احمدیہ میں قدرت ثانیہ (خلافت احمدیہ) کا نظام جاری ہوا اور حضرت حکیم الامت مولانا نورالدین خلیفۃ المسیح الاول کے عظیم روحانی منصب پر فائز ہوئے آپ نے معاندین کی جھوٹی خوشیوں اور ہنسی اور ٹھٹھا اور طعن وتشنیع (جس کا اظہار انہوں نے حضرت مسیح موعود کے وصال پر کھل کر کیا تھا) کے جواب میں فرمایا

’’بہرحال اب دشمن جلسے کریں اور خوشیاں منائیں۔ پہلی زبردست قدرت اور نصرت الٰہیہ کو تو دیکھ چکے ہیں اور دوسری قدرت کا تماشا دیکھیں۔ اب یہ درخت محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے جیسے محفوظ رہا ہے ویسا ہی اب پھولے گا‘‘۔

(بحوالہ مضمون ’’وفات مسیح موعود‘‘ مطبوعہ ریویو آف ریلیجنز ماہ جون وجولائی 1908ء ص267)

احمدیت کی پہلی صدی کی تکمیل

باوجود بے حد رکاوٹوں اور ابتلاؤں کے اللہ تعالیٰ حضرت مسیح موعود اور اس کے بعد خلافت احمدیہ کے ذریعے حضرت مسیح موعود کی دعوت کو دنیا کے کناروں تک تدریجاً پہنچانے کی راہیں کھولتا چلا گیا حتیٰ کہ 23 مارچ 1989ء کو جماعت نے صد سالہ احمدیہ جوبلی جشن تشکر منایا اور اس تاریخ سے جماعت کی پہلی صدی اختتام پذیر ہوئی اور دوسری صدی کا آغاز ہوا۔ حضرت مسیح موعود کی بعض واضح پیشگوئیوں کے مطابق احمدیت کی دوسری صدی غلبہ احمدیت کی صدی ہے جیسا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے صد سالہ احمدیہ جوبلی منصوبے کے خطبات میں بارہا فرمایا۔

دوسری صدی کے آغاز پر
ایم ٹی اے کی نعمت عظمیٰ

احمدیت کی دوسری صدی کے آغاز پر اللہ تعالیٰ نے ایسے ذرائع پیدا فرما دیئے ہیں جس سے واضح طور پر زمین کے کناروں تک احمدیت کے پیغام کا پہنچنا بہت سہل ہو گیا ہے ایڈیٹر صاحب الحکم نے حضرت مسیح موعود کے الہامات کہ ’’میں تیری (۔) کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا‘‘ اور ’’میرا کلام مشرق ومغرب میں پہنچ جائے گا‘‘ وغیرہ کی اشاعت کے وقت کیا خوبصورت نوٹ دیا تھا ’’میں دیکھتا ہوں کہ اس مقدس الہام کے پورا ہونے کی بہت سی صورتیں نکلتی آتی ہیں۔ دوسری صدی کے آغاز پر اس مقدس الہام کے پورا ہونے کی ایک صورت ایم ٹی اے کا آغاز ہے جو احمدیت کی دوسری صدی کے تقریباً آغاز پر ہی معرض وجود میں آیا۔ جب ہم احمدیہ لٹریچر پر سرسری نگاہ دوڑاتے ہیں تو اس کے پس منظر میں کئی کوششیں، بعض الہامات، کشوف و رویا اور اشارے ملتے ہیں جن میں سے بعض کا ذکر ازدیاد ایمان کے لئے ذیل کی سطور میں کیا جاتا ہے۔

حضرت مسیح موعود کا ایک
عظیم الشان کشف

حضرت مسیح موعود نے جلسہ اعظم مذاہب لاہور میں پڑھے جانے والے اپنے عظیم الشان مضمون کے سب پر بالا رہنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی بشارتوں کے پیش نظر 21 دسمبر 1896ء کو ایک اشتہار شائع کیا جس کا عنوان ہے۔

’’سچائی کے طالبوں کے لئے ایک عظیم الشان خوش خبری‘‘ اس اشتہار میں ایک کشف کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا

’’میں نے عالم کشف میں اس کے متعلق دیکھا کہ میرے محل پر غیب سے ایک ہاتھ مارا گیا اور اس ہاتھ کے چھونے سے اس محل میں سے ایک نور ساطع نکلا جو اردگرد پھیل گیا اور میرے ہاتھوں پر بھی اس کی روشنی ہوئی تب ایک شخص جو میرے پاس کھڑا تھا وہ بلند آواز سے بولا کہ اللہ اکبر خربت خیبر

.... سو مجھے جتلایا گیا کہ اس مضمون کے خوب پھیلنے کے بعد جھوٹے مذہبوں کا جھوٹ کھل جائے گا اور قرآنی سچائی دن بدن زمین پر پھیلتی جائے گی جب تک کہ اپنا دائرہ پورا کرے۔ پھر میں اس کشفی حالت سے الہام کی طرف منتقل کیا گیا اور مجھے یہ الہام ہوا (۔) یعنی خدا تیرے ساتھ ہے اور خدا وہیں کھڑا ہے جہاں تو کھڑا ہے یہ حمایت الٰہی کے لئے ایک استعارہ ہے۔‘‘ (تذکرہ ایڈیشن چہارم ص241)

اس عظیم الشان کشف میں نہ صرف اسلامی اصول کی فلاسفی کے مضمون کا بالا رہنا مراد ہے بلکہ نور ساطع کا نکلنا اور اردگرد پھیل جانا اور آواز کا روپ اختیار کر جانا یقیناً MTA کے ذریعہ حقائق قرآنی پھیلنے کی طرف واضح اشارہ ہے۔

فونوگراف کی ایجاد

تاریخ احمدیت میں لکھا ہے کہ

’’سیدنا حضرت مسیح موعود (دین) کی عالم گیر

اشاعت کا مقصد لے کر مبعوث ہوئے تھے اور یہ ایک عجیب اتفاق ہے کہ نشر واشاعت کے کام میں مدد دینے والی اکثر وبیشتر اہم ایجادوں کا زمانہ حضرت مسیح موعود کے دورِ حیات (1835ء ۔1908ء) کے گرد چکر لگاتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک ایجاد ایسی ہے جس کا وجود حضرت مسیح موعود کے بین الاقوامی مشن کو فروغ دینے کے لئے از بس ضروری تھا۔

ان ایجادات میں سے ایک فونوگراف ہے جس کی ایجاد 1877ء میں ایڈیسن نے کی مگر ہندوستان میں آئے ہوئے اسے چند سال ہوئے ہوں گے۔ حضور کے مخلص خادم اور جماعت کی ایک برگزیدہ ہستی حضرت نواب محمد علی خان صاحب نے فونوگراف خریدا۔ حضرت اقدس کو اکتوبر 1901ء میں اس کی اطلاع ہوئی۔ حضور جو دنیا میں اپنی آواز پہنچانے کی صبح وشام نئی نئی راہیں سوچتے تھے بہت خوش ہوئے۔

فونوگراف کا تجربہ

فونوگراف کا تجربہ کرنے کے لئے حضرت اقدس نے نواب محمد علی خان صاحب کو لکھا کہ جب وہ قادیان آئیں فونوگراف ساتھ لیتے آویں چنانچہ وہ وسط نومبر 1901ء میں حضور کی خدمت میں لائے اور 15 نومبر 1901ء کو نماز عصر کے بعد اس کے ریکارڈ سنائے اور حضرت مولوی عبدالکریم صاحب کی دو سلنڈروں میں آواز ریکارڈ کی.........حضرت مسیح موعود نے اسے دعوت الی اللہ کا ایک بھاری ذریعہ بنا لیا اور وہ یوں کہ حضور نے چند منٹوں میں خاص اس تقریب کے لئے ایک لطیف نظم کہی جس کے ابتدائی دو شعر یہ تھے

آواز آ رہی ہے یہ فونوگراف سے
ڈھونڈو خدا کو دل سے نہ لاف وگزاف سے
جب تک عمل نہیں ہے دلِ پاک صاف سے
کمتر نہیں یہ مشغلہ بُت کے طواف سے

حضرت اقدس کی ہدایت کے تحت مولانا عبدالکریم صاحب نے یہ نظم اور اس کے علاوہ

عجب نوریست در جانِ محمدؐ

کے مصرعہ والی مشہور نظم اور قرآن مجید کی چند آیات پڑھیں نیز حضور کی ایک فارسی نظم کے چند اشعار منشی نواب خاں صاحب ثاقب آف مالیر کوٹلہ نے پڑھے جو فونوگراف میں محفوظ کر لئے گئے۔

(تاریخ احمدیت جلد دوم مولفہ مولانا دوست محمد صاحب شاہد ص 193)

حضرت مسیح موعود کے مبارک گھر میں ہی ایک مختصر تقریب میں فونوگراف کی اس ابتدائی ریکارڈنگ سنانے کا تجربہ کیا گیا جس میں دوستوں کے علاوہ کچھ ہندو احباب بھی شریک ہوئے۔

فونوگراف کے ذریعے
دعوت الی اللہ کا منصوبہ

اس سے قبل ایک وفد تیار ہوا تھا جس نے سفر مسیح کے بارے میں تحقیقات کے لئے نصیبین، کوہ نعمان اور کابل کی طرف روانہ ہونا تھا۔ حضور کو تحریک ہوئی کہ اپنی فونوگراف میں چار گھنٹہ کی ایک عربی تقریر ریکارڈ کروا کر وفد کو دیں تا کہ دور دراز کے اسلامی ممالک میں حضور ہی کی زبان مبارک سے پیغام سن لیں لیکن یہ پروگرام ملتوی ہو گیا اور فونوگراف بھی ابھی ابتدائی حالت میں تھا اس لئے آوازیں جو ریکارڈ کی گئی تھیں وہ زیادہ دیر تک محفوظ نہ رہ سکیں اور ضائع ہو گئیں اور بوجوہ نصیبین وغیرہ کی طرف وفد کا سفر بھی ملتوی ہو گیا۔

حضرت مصلح موعود کی
ایک پیشگوئی

1931ء میں جلسہ سالانہ پر پہلی دفعہ لاؤڈ سپیکر استعمال کیا گیا حضرت مصلح موعود نے فرمایا

''میں سمجھتا ہوں یہ بھی حضرت مسیح موعود کی صداقت کا ایک نشان ہے کیونکہ رسول کریم ﷺ نے یہ خبر دی تھی کہ مسیح موعود اشاعت کے ذریعہ (دین حق) کو کامیاب کرے گا اور قرآن کریم سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ مسیح موعود کا زمانہ اشاعت کا زمانہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس نشان کی صداقت کے لئے پہلے قلم سے نکلی ہوئی تحریرات لوگوں تک پہنچانے کے لئے پریس جاری کر دیئے اور پھر آواز پہنچانے کے لئے لاؤڈ سپیکر اور وائرلیس وغیرہ ایجاد کرائے اور اب تو اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ایسا دن بھی آ سکتا ہے کہ ہر (بیت الذکر) میں وائرلیس کا سیٹ لگا ہوا ہو اور قادیان میں جمعہ کے روز جو خطبہ پڑھا جا رہا ہو وہی تمام دنیا کے لوگ سن کر بعد میں نماز پڑھ لیا کریں''

(الفضل قادیان مورخہ 29 دسمبر 1936ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث
کا کشفی نظارہ

خطبہ جمعہ 5 راگست 1966ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ایک رؤیا کا ذکر کیا فرمایا ''ایک دن جب میری آنکھ کھلی تو میں بہت دعاؤں میں مصروف تھا اس وقت عالم بیداری میں میں نے دیکھا کہ جس طرح بجلی چمکتی ہے اور زمین کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک روشن کر دیتی ہے اس طرح ایک نور ظاہر ہوا اور اس نے زمین کو ایک کنارے سے لے کر دوسرے کنارے تک ڈھانپ لیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ اس نور کا ایک حصہ جیسے جمع ہو رہا ہے۔ پھر اس نے الفاظ کا جامہ پہنا اور ایک پُرشوکت آواز فضا میں گونجی جو اس نور سے ہی بنی ہوئی تھی اور وہ یہ تھی ''بشریٰ لکم''۔

(روزنامہ الفضل 10 راگست 1966ء)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے 1973ء کے دورہ مغرب کے دوران فرمایا

''1990ء اور 1995ء کے درمیان خدا تعالیٰ دنیا کو ایک ایسی روحانی تجلی دکھائے گا جس سے غلبہ (دین) کے آثار نمایاں اور واضح ہو جائیں گے''

(ماہنامہ خالد ستمبر 1973ء ص 9)

کشفی نظارہ اور روحانی تجلی والی پیشگوئی کو اکٹھا دیکھنے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد ایم ٹی اے ہے جس کے ذریعے روحانی تجلی 1990ء اور 1995ء کے درمیانی عرصہ میں ہو گی۔ چنانچہ اس سہولت کے شروع ہونے کے جلد ہی بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے یہ ولولہ انگیز اعلان فرمایا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع
کا ولولہ انگیز اعلان

اکتوبر 1992ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے کینیڈا کی عظیم الشان بیت الذکر ٹورانٹو کا افتتاح کیا اور خطبہ جمعہ 16 راکتوبر 1992ء میں فرمایا

''اب وہ دن آ رہے ہیں کہ جماعت احمدیہ پہلے سے کئی گنا زیادہ تیزی کے ساتھ، اب وہ دن آ رہے ہیں کہ جماعت احمدیہ پہلے سے دسیوں گنا تیزی کے ساتھ اور میں یقین رکھتا ہوں کہ وہ دن آ رہے ہیں کہ جماعت احمدیہ سینکڑوں گنا زیادہ تیزی کے ساتھ آگے بڑھ کر پھیلنے والی اور دنیا کو فتح کرنے والی، دنیا کے قلوب کو فتح کرنے والی ہے۔

یہ صدی ایک غیر معمولی صدی ہے ابھی تو آغاز ہوا ہے آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟ یہ تو ابھی چند سالوں کی بات ہے۔ تصور کریں اس صدی کے اختتام تک حضرت مسیح موعود...... کے دیوانے (احمدیت) کو کہاں کہاں تک پہنچا کر نہیں چھوڑیں گے پس میں امید رکھتا ہوں کہ جماعت احمدیہ دعاؤں اور کوششوں اور دن بدن بڑھتی ہوئی قربانیوں کے ساتھ اس نیک کام کو آگے بڑھاتی چلی جائے گی.............

(بحوالہ ماہنامہ انصار اللہ ربوہ جون 1993ء ص 27)

ضمناً اس سلسلہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کا ایک حوالہ پیش کرتا ہوں۔ 1980ء میں دورۂ کینیڈا کے دوران حضور خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا تھا۔

''آج سے ایک سو سال کے اندر اندر عالم انسانیت کی بہت بڑی تعداد (دین حق) میں داخل ہو جائے گی اور جنت کی طرح زندگی گزارے گی ..... میں اس وقت یہاں نہیں ہوں گا اور ممکن ہے کہ آپ بھی نہ ہوں لیکن آپ کے بچے لازمی طور پر یہ دیکھیں گے''

(ماہنامہ خالد ربوہ نومبر دسمبر 1980ء)

خلافت خامسہ میں ایم ٹی اے
عربی چینل کا اجراء

انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور میں طالب علمی کے دوران میرا ایک عرب کلاس فیلو تھا جس کا تعلق فلسطین سے تھا لیکن اردن میں قیام پذیر تھا اس کے ساتھ جب احمدیت کے بارے میں تبادلہ خیال ہوا تو اس کا یہ نظریہ تھا کہ امام مہدی عربوں میں سے آنا ہے بالآخر کہنے لگا جن کو تم مان بیٹھے ہو اگر وہ سچے ہیں تو اس وقت تک جماعت احمدیہ ترقی نہیں کر سکتی جب تک عرب ان کو نہ مان لیں جب عربی چینل شروع ہوا تو مجھے میرا وہ دوست اور یہ مذاکرات بھول چکے تھے لیکن اس واقعہ سے چالیس سال بعد میرا وہی دوست مجھے خواب میں ملا اور عربی روایات کے مطابق مجھے گرمجوشی سے ملا میں تو جماعت احمدیہ کا ایک نہایت ادنیٰ رکن ہوں اور خلیفۂ وقت کا ادنیٰ ترین غلام ہوں لیکن بعض اوقات مجھ جیسے معمولی لوگوں کو بھی ایسی خوابیں دکھا کر اللہ تعالیٰ ہماری روحانی خوشی کے سامان پیدا فرماتا ہے۔ اس لئے حضرت مسیح موعود کی بشارات کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمیں یقین محکم ہے کہ عرب ممالک کے شہر اور ان کی گلیاں اس چینل سے استفادہ کریں گے اور اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان تجلیات کا ظہور ہوتا چلا جائے گا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے ایک بار عرب کے کسی ملک کے سالانہ جلسہ پر اپنے پیغام میں یہ پیاری حدیث بھی Quote کی تھی کہ حب العرب ایمان کہ عربوں سے محبت کرنا ہمارا جزو ایمان ہے۔ یہ اس پیار اور محبت کا نتیجہ ہے کہ عربوں کے لئے ایم ٹی اے کے چینل کے اللہ تعالیٰ نے سامان پیدا فرمائے اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مبارک ہاتھوں اس کا افتتاح ہوا جو کئی بار ایم ٹی اے پر دکھایا جا چکا ہے۔

ایم ٹی اے کا سفر بہت دلچسپ اور ایمان افروز ہے۔ ایڈیٹر صاحب الفضل ربوہ مکرم محترم عبدالسمیع خان صاحب نے احمدیت کا فضائی دور کے عنوان سے کتاب بھی لکھی ہے اور اس میں بائیبل، قرآن، احادیث اور ائمہ اہل بیت اور اولیاء کرام اور حضرت مسیح موعود اور خلفاء مسیح موعود کے نادر حوالے اور پیشگوئیاں جمع کر دی ہیں۔ خاکسار نے اس مضمون کی تیاری کے لئے اس کتاب سے بھی استفادہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ آمین

☆......☆......☆

بقیہ صفحہ 5۔ صد سالہ خلافت جوبلی قادیان

تعلیم کی صدارت میں تلاوت قرآن مجید سے تقریب تقسیم انعامات کا آغاز ہوا۔ نظم خوانی کے بعد محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ قادیان نے تقریب کی غرض و غایت بیان کی۔ بعد ازاں علمی اور ورزشی مقابلوں میں نیز جامعہ احمدیہ کی کلاسز میں اول۔ دوئم۔ سوئم پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء میں محترم ناظر صاحب تعلیم نے انعامات تقسیم فرمائے۔ آخر میں صدر اجلاس نے طلباء کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشادات پر کما حقہ عمل کرنے خطبات اور MTA کے پروگراموں سے بھرپور فائدہ اٹھانے نیز دینی و دنیوی علم وسیع کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ دعا کے بعد یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ اللہ تعالیٰ جامعہ احمدیہ کو اپنے فضل سے میدان علم و تقویٰ و اطاعت خلافت میں مثالی نمونہ پیش کرنے کی توفیق دے۔ آمین

(بدر قادیان 12 جون 2008ء)

صدسالہ خلافت احمدیہ جوبلی کے تحت جامعہ احمدیہ قادیان میں مختلف تقاریب

مکرم عبدالمومن راشد صاحب

خلافت سیمینار

جامعہ احمدیہ میں مورخہ 12 مئی 2008ء کو پہلا خلافت سیمینار منعقد ہوا۔ افتتاحی تقریب محترم پروفیسر حافظ صالح محمد الہ دین صاحب صدر صدر انجمن احمدیہ قادیان کی زیرصدارت تلاوت کلام پاک سے شروع ہوئی۔ قصیدہ خوانی کے بعد محترم محمد حمید کوثر صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ نے سیمینار کے اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں مہمان خصوصی محترم مولانا محمد انعام صاحب غوری ناظر اعلیٰ قادیان نے خلافت کی اہمیت وضرورت اور برکات خلافت پر جامع خطاب فرمایا۔ بعدہٗ محترم صدر صاحب صدر انجمن احمدیہ نے سورۃ اخلاص کی تلاوت کے بعد فرمایا خلفاء کرام دنیا میں توحید الٰہی کے قیام کی کوشش کرتے ہیں۔ پس اس نعمت خلافت کی قدر کرنی چاہئے اور اس سے ہمیشہ اور ہر حال میں چمٹے رہنا چاہئے۔ دعا کے ساتھ یہ تقریب ختم ہوئی۔

سیمینار۔ بعنوان خلافت راشدہ

پہلا اجلاس محترم پرنسپل جامعہ احمدیہ کی صدارت میں ہوا تلاوت کلام پاک اور نظم خوانی کے بعد محترم مولانا مظفر احمد ظفر صاحب استاذ جامعہ احمدیہ نے اردو زبان میں، محترم پروفیسر مبشر احمد صاحب ایم اے نے انگریزی میں اور محترم باسط رسول صاحب استاذ نے عربی میں حضرت ابوبکر صدیق ؓ کے عہد خلافت کی برکات سنہری کارناموں اور استحکام خلافت پر تحقیقی مقالے پیش کئے۔ اس کے بعد مجلس مذاکرہ ہوئی۔ اسی دوران بعض اساتذہ کرام اور خود محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ نے مقالوں کے مدنظر اضافات پیش کئے۔ آخر میں جملہ حاضر احباب کی تواضع کی گئی۔

سیمینار کا دوسرا اجلاس بعد نماز مغرب وعشاء محترم ناظر صاحب اصلاح وارشاد مولانا محمد عمر صاحب کی صدارت میں ہوا۔ قرآن کریم کی تلاوت اور نظم خوانی کے بعد محترم مولانا مظفر احمد صاحب ناصر نے اردو میں اور محترم مولانا عطاء المجیب صاحب لون نے عربی اور محترم پروفیسر سید داؤد احمد صاحب نے انگلش میں حضرت عمر فاروق ؓ کے عہد خلافت کی عظیم الشان ترقیات وفتوحات اور استحکام خلافت کے موضوع پر تحقیقی مقالے پیش کئے۔ آخر میں صدر اجلاس نے دلچسپ پروگرام پر اظہار خوشی فرمایا اور قیمتی نصائح سے نوازا۔

خلافت راشدہ سے متعلق دوسرا سیمینار 13 مئی کو ہوا۔ محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم اور نظم خوانی کے بعد حضرت عثمان غنی ؓ کے عہد خلافت کی برکات عظیم کارناموں اور استحکام خلافت پر محترم مولانا محمد یوسف صاحب انور نے اردو میں محترم مولانا عبدالواحد صاحب صدیقی نے عربی اور عزیز طاہر احمد متعلم جامعہ احمدیہ نے انگریزی میں مقالے پڑھ کر سنائے۔ بعد ازاں خلفاء ثلاثہ پر اعتراضات کا رد کے عنوان پر محترم مولانا مجاہد احمد صاحب شاستری نے جوابات پیش کئے۔ مقالہ ختم ہونے پر سامعین نے سوالات کئے اور بعض اساتذہ کرام نے مقالوں کے مدنظر اضافات پیش کئے۔ آخر میں صدر اجلاس محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ نے خطاب فرمایا۔

خلافت راشدہ سے متعلق سیمینار کا دوسرا اجلاس محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ کی صدارت میں بعد نماز مغرب وعشاء تلاوت کلام پاک اور نظم خوانی سے ہوا۔ جس میں حضرت علی کرم اللہ وجھہ کے عہد خلافت استحکام خلافت، شاندار کارناموں پر اردو زبان میں محترم مولانا مظہر احمد صاحب وسیم، عربی میں محترم مولانا زین الدین صاحب حامد اور محترم پروفیسر اظہر احمد صاحب خادم نے بزبان انگریزی تحقیقی مقالے پڑھ کر سنائے۔ طلباء نے مقالوں کے متعلق عربی اردو اور انگلش میں سوالات کئے محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ نے بعض سوالوں کے جوابات خود دیئے۔ اس طرح خلافت راشدہ پر دو روزہ سیمینار کامیابی اور خوش اسلوبی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

سیمینار قدرت ثانیہ

قدرت ثانیہ یعنی خلافت احمدیہ پر دو روزہ سیمینار مورخہ 19 مئی کو شروع ہوا۔ محترم وحید الدین صاحب شمس نائب ناظر تعلیم کی صدارت میں تلاوت قرآن کریم اور نظم خوانی کے بعد سیمینار کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ جس سے محترم مولانا نورالدین صاحب نے اردو زبان میں حضرت الحاج حکیم نورالدین کے عہد خلافت کی برکات وثمرات اور سنہری کارناموں پر تفصیلی روشنی ڈالی بعد ازاں عزیز شمیم احمد غوری متعلم نے عربی میں اور عزیز محمد عارف متعلم نے انگریزی میں اسی عنوان پر اپنے تحقیقی مقالے پیش کئے۔ مجلس مذاکرہ کے بعد صدر اجلاس نے سیرت حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے چیدہ چیدہ واقعات بیان کئے۔

تھوڑے وقفہ سے دوسرا اجلاس شروع ہوا۔ اس میں حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی کے نہایت ہی کامیاب 52 سالہ خلافت کی عظیم الشان علمی وعملی فتوحات پر محترم مولانا منصور احمد صاحب استاذ جامعہ احمدیہ نے اردو زبان میں اور عزیز نیاز احمد نائک متعلم نے عربی اور عزیز امناس احمد متعلم نے انگلش میں مقالے پیش کئے۔ بعد ازاں مجلس مذاکرہ ہوئی اس دوران طلباء کے سوالات کے جوابات دیئے گئے بعض اساتذہ کرام نے اضافات پیش کرکے مجلس کو دلچسپ ومفید بنایا۔ اجلاس ختم ہونے سے پہلے حاضر احباب کی تواضع کی گئی۔

20 مئی کو محترم سلطان احمد صاحب ظفر پرنسپل جامعۃ المبشرین کی صدارت میں تلاوت ونظم کے بعد سیمینار کی کارروائی شروع ہوئی۔ محترم مبشر احمد صاحب خادم نے اردو زبان، عزیز محمد شریف کوثر نے عربی اور کے محمد طاہر نے انگریزی زبان میں قدرت ثانیہ کے تیسرے مظہر حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے بابرکت دور خلافت پر مقالے پیش کئے بعد ازاں مجلس مذاکرہ ہوئی جس میں طلباء کے سوالات کے جواب دیئے گئے۔ اساتذہ نے مقالوں کی مناسبت سے اضافات پیش کئے۔

اسی روز سیمینار کا دوسرا اجلاس خاکسار کی صدارت میں ہوا۔ تلاوت ونظم خوانی کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے تابناک عہد خلافت اور تا قیامت جاری رہنے والے عظیم کارناموں پر عزیز مقبول احمد صاحب متعلم نے عربی زبان، عزیز کے راشد نے انگلش زبان میں اور خاکسار نے اردو زبان میں مقالے پیش کئے۔ مختصر مجلس مذاکرہ کے بعد ہال میں موجود مہمانوں کی تواضع کی گئی۔

خلافت احمدیہ اور قدرت ثانیہ کے پانچویں مظہر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دور خلافت میں جماعت احمدیہ عالمگیر کو حاصل شدہ کامیابی، فتوحات اور روشن کارناموں پر سیمینار کا آغاز محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ کی صدارت میں بعد نماز مغرب وعشاء تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظم خوانی کے بعد محترم مولانا سلطان احمد صاحب ظفر پرنسپل جامعۃ المبشرین نے اردو زبان، عزیز زبیر احمد متعلم نے عربی اور عزیز سلطان محی الدین متعلم نے انگلش میں خلیفۃ المسیح الخامس حضرت مرزا مسرور احمد ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے عہد خلافت پر مقالے پیش کئے۔ بعدہٗ مجلس مذاکرہ ہوئی۔ سوال و جواب کے بعد بخیر وخوبی تمام کارروائی اختتام کو پہنچی۔

''پیغام صلح'' پر سیمینار

25 مئی 2008ء کو جامعہ احمدیہ میں سیدنا حضرت مسیح موعود کی تصنیف لطیف پیغام صلح پر سو سال گزرنے پر صبح نو بجے سیمینار منعقد کیا گیا۔ مجلس مذاکرہ میں محترم مولانا محمد یوسف انور صاحب، محترم مظفر احمد صاحب ظفر، محترم مظہر احمد صاحب وسیم نے شرکت کی سعادت حاصل کی اور کتاب سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات دیئے۔ جبکہ محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ نے صدر اجلاس کے فرائض ادا کرتے ہوئے کتاب کی اہمیت وضرورت اور دنیا بھر میں کتاب کے ذریعہ پیدا ہوئے انقلابی اثرات پر روشنی ڈالی۔

تقریب الوداعیہ اور تقسیم اسناد

بعد نماز مغرب وعشاء محترم صدر صاحب صدر انجمن احمدیہ کی صدارت میں جامعہ احمدیہ سے فارغ ہونے والے طلباء میں تقسیم اسناد کی تقریب منعقد ہوئی۔ تلاوت قرآن کریم اور نظم خوانی کے بعد محترم پرنسپل صاحب جامعہ احمدیہ نے تقریب کی غرض و غایت کے ساتھ ساتھ پیغام صلح کی کتاب کی عظمت و افادیت پر روشنی ڈالی۔ بعد ازاں محترم ناظر صاحب اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ قادیان نے خطاب فرمایا۔

اس کے بعد محترم ناظر صاحب اعلیٰ قادیان نے جامعہ احمدیہ سے فارغ ہونے والے 28 طلباء میں سند امتیاز تقسیم فرمائیں۔ صدر مجلس کی اجتماعی دعا کے بعد یہ تقریب اختتام پذیر ہوئی۔

عشائیہ

تقریب اسناد کے بعد جامعہ احمدیہ نے عشائیہ کا اہتمام کیا تھا۔ جس میں محترم صدر صاحب صدر انجمن احمدیہ، محترم ناظر صاحب اعلیٰ، ناظران نائب ناظران ان کے علاوہ جامعۃ المبشرین کے طلباء واساتذہ کرام نیز جامعہ احمدیہ میں پڑھنے والے طلباء کے والدین بھی مدعو تھے۔ عشائیہ میں خاندان حضرت مسیح موعود کے مقدس وجود حضرت آپا جان محترمہ امۃ القدوس صاحبہ، بیگم صاحبہ مرزا وسیم احمد صاحب مرحوم ومغفور نے جامعہ کی درخواست پر شرکت فرمائی۔

یادگاری نمائش

25 تا 31 مئی خلافت احمدیہ اور جامعہ احمدیہ سے متعلق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر جامعہ احمدیہ میں ایک تاریخی اور معلومات دیدہ زیب نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ اس نمائش میں خاص بات یہ تھی کہ دنیا کے مختلف ممالک میں قائم جماعت احمدیہ کی جماعات کو روشنی کے الگ الگ قمقموں سے نمایاں کیا گیا تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے قادیان کے اکثر احباب و مستورات اور مہمانان کرام نے نمائش سے استفادہ کیا اور اچھے تاثرات کا اظہار کرتے رہے بعض بزرگان نے وزٹ بک میں اپنے تاثرات قلم بند فرمائے۔ مکرم نورالدین صاحب، مکرم عطاء المجیب لون استاذ جامعہ احمدیہ نے نمائش تیار کی تھی۔

تقریب تقسیم انعامات

مورخہ 26 مئی کو محترم شیراز احمد صاحب ناظر

(باقی صفحہ 4 پر)

مکرم محمد انوار الحق صاحب

مکرم چوہدری غلام رسول صاحب کا ذکر خیر

محترم چوہدری غلام رسول صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ حلقہ مغلپورہ لاہور مورخہ 5جون 1995ء صبح ساڑھے چھ بجے اللہ کو پیارے ہوگئے۔

آسماں تیری لحد پہ شبنم آفشانی کرے

آپ سلسلہ کے فدائی، ہنس مکھ طبیعت کے مالک، خدمت دین پر کمر بستہ، نیکی کو سنوار کر ادا کرنے والے اور بدی کو بیزار ہو کر ترک کرنے والے دکھی انسانیت کے ہمدرد، غریبوں کے پیارے خوبصورت و خوب سیرت اوصاف کے مالک۔ احمدیت کے شیدائی گلستان دار الحمد لاہور کے باغبان۔ دین کی خاطر اپنے آپ کو ہمہ تن وقف رکھنے والے مجسم وجود تھے۔

جب آپ کی وفات کی خبر سن کر آپ سے تعلق رکھنے والے آپ کی متعلقہ رہائش پر پہنچے تو احباب کو رطب اللسان پایا سب ہی ان کی وفات کا سن کر اکٹھے ہوگئے۔ دار الحمد کے بعض طلباء کو یہ فقرے بھی کہتے سنا گیا کہ آج غریبوں کا باپ دنیا سے اٹھ گیا ہے اور بعض کو تو ایسے روتا پایا کہ ان کا اپنا ہی کوئی عزیز فوت ہوگیا ہے یہ سب آپ کے اعلیٰ اخلاق اور حسن سلوک کا نتیجہ تھا۔

مکرم چوہدری صاحب اپنی ذات میں نہایت شریف النفس، سعید الفطرت شمع احمدیت کے پروانے نہایت محنتی، دیانت دار اور سادگی کا نمونہ تھے آپ کی سادگی کو دیکھ کر تحریک جدید کا مطالبہ سادہ زندگی، نمایاں نظر آتا تھا۔ آپ بلاشبہ تاریخ احمدیت کے پُرعزم مجاہد تھے ایک باعمل بزرگ تھے حق کو حق اور ناحق کو ناحق سمجھنے اور کہنے والے تھے اللہ سے ان کی صلح اور شیطان سے جنگ تھی چلتے پھرتے احمدیت کے رنگ میں رنگین نظر آنے والے بزرگ تھے آپ کی زندگی قابل رشک تھی منافقت سے ان کا دامن پاک تھا۔ دل میں کسی کے بارہ میں بات نہیں رکھتے تھے حقیقت یہ ہے کہ یہ وہ لوگ تھے کہ دنیا کے فقیر اور دین کے امیر ثابت ہوئے ان کی ہستی عقل وفہم کے ساتھ زیور علم سے بھی آراستہ تھی ہمیشہ اس بات میں کوشاں رہے کہ ان کی ہر شام گواہی دے کہ ڈرتے ڈرتے دن بسر کیا اور صبح یہ پکارے کہ رات تقویٰ سے بسر کی۔ ہر تکلیف اور بڑی سے بڑی آزمائش کو بطیّب خاطر برداشت کیا سچے ہو کر جھوٹوں کی طرح تذلل اختیار کیا اور ایسا محض اور محض خدا کی خوشنودی اور رضا کے لئے تھا نہ کہ محض دنیاوی دکھاوے کی خاطر یوں تو محترم چوہدری صاحب خاموش طبع، دل کے حلیم اور عام لوگوں میں ملے جلے انسان تھے لیکن اللہ تعالیٰ نے انہیں تقریر کی خوبی اور اپنا مدعا بیان کرنے کی ایسی صلاحیت عطا کی کہ سننے والوں پر آپ کی بات کا فوراً اثر ہو جاتا۔ الغرض کیسے کیسے گدڑی کے لعل اس درویشوں کی جماعت میں چھپے ہوئے ہیں جماعت کی تاریخ اور حالات پر گہری نظر تھی اور اس علم کو آپ نے صرف اپنے تک محدود نہ رکھا۔ بلکہ جماعت کی تعلیم وتربیت کے لئے بہت عمدہ طریق پر استعمال کیا۔ ان سے مفارقت یقیناً بہت گراں گزری اپنی ذات میں انجمن کی حیثیت رکھتے تھے اپنے کام سے کام رکھنے والے تھے آپ ایک صائب الرائے، خوش خلق، خصوصاً خلفائے سلسلہ سے نہایت محبت کا تعلق رکھتے تھے، ہر مالی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے، حلقہ مغلپورہ کا خاکسار سیکرٹری تحریک جدید ہونے کے ناطے جب آپ سے نئے سال کے لئے وعدہ جات لینے کے لئے حاضر ہوتا تو آپ اپنے وعدہ کے علاوہ تقریباً باون 52 بزرگان سلسلہ اور اپنے عزیز و اقارب کی طرف سے نہ صرف وعدہ کرتے بلکہ ساتھ ہی ادائیگی بھی کر دیتے اور ساتھ ہی مجھے یہ شعر سناتے۔

اک زماں کے بعد اب آئی ہے یہ ٹھنڈی ہوا
